نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

ورلڈ بینک کے مشن کا راولپنڈی اور چکوال کا دورہ۔

دورہ کا مقصد محکمہ زراعت کے شعبہ اصلاح آبپاشی کے ورلڈ بنک کے تعاون سے جاری منصوبہ جات کی کارکردگی کا جائزہ لینا تھا

ورلڈ بینک کے تعاون سے جاری منصوبوں کے باعث خطہ پوٹھوہار کی زراعت کو فروغ حاصل ہوا۔ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاح آبپاشی) پنجاب ملک محمد اکرم

لاہور 18 مارچ 2024: ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاح آبپاشی) پنجاب ملک محمد اکرم کے ہمراہ ورلڈ بینک کے مشن نے راولپنڈی اور چکوال کا دورہ کیا اور محکمہ زراعت پنجاب کے شعبہ اصلاح آبپاشی کے ورلڈ بینک کے تعاون سے جاری منصوبہ جات کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اس مشن کی سربراہی ورلڈ بینک کی سینئر ایگریکلچرل سپشلٹ مریم چوہدرون اور فرامیش انیس سینئر واٹر ریسورس سپشلسٹ کر رہے تھے۔اس موقع پر اصلاح آبپاشی کے ڈائریکٹر جنرل ملک محمد اکرم نے وفد کو بریفنگ ہوئے کہا کہ ورلڈ بینک کے تعاون سے پنجاب آبپاش زراعت کے منصوبہ کی کامیاب تکمیل ہوئی جس کے ذریعے راولپنڈی ڈویژن میں 20 ہزار 6 سو 49 ایکڑ رقبے پر ڈرپ اینڈ سپرنکلر نظام آبپاشی اور سولر سسٹم کی تنصیب کی گئی۔اس کے علاوہ 1193 لفٹ ایکشن سکیمز بنائی گئی اور 562 آبی تالاب تعمیر کیے گئے۔خطہ پوٹھوار میں اس منصوبہ کے دور رس نتائج مرتب ہوئے۔راولپنڈی ڈویژن ایک بارانی علاقہ ہے جہاں پر فصلوں کو پانی کی دستیابی صرف بارشوں پر منحصر تھی۔پنجاب آبپاش زراعت کے منصوبہ (PIPIP) کے ذریعے اس خطہ میں آبپاش زراعت کو فروغ ملا۔اس منصوبہ کے تحت باغات کے رقبہ کو بڑھانے میں مدد ملی۔ڈرپ اریگیشن سسٹم کے ذریعے ہی زیتون کی کاشت کو اس خطے میں کامیاب بنانے میں مدد ملی۔اس منصوبہ کے تحت کاشتکاروں کو 60 فیصد سبسڈی دی گئی تھی۔اس منصوبہ کی کامیابی کے بعد ورلڈ بینک کے تعاون سے گزشتہ سال ایک اور منصوبہ شروع کیا گیا جسے زرعی پیداوار میں اضافہ کا انقلابی منصوبہ (PRIAT) کہا جاتا ہے۔اس منصوبہ میں کاشتکاروں کو جدید نظام آبپاشی اور دیگر سکیموں پر 75 فیصد سبسڈی دی گئی ہے۔اس منصوبہ میں کاشتکاروں کی فصلات کی پیداوار سے زرعی مصنوعات کی تیاری بھی اس منصوبہ کا حصہ ہے۔اس منصوبہ سے کاشتکاروں کی معیشت پر بہت ہی مثبت اثرات مرتب ہوں گے اور بے روزگاری کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔اس سال راولپنڈی ڈویژن میں 13360 ایکڑ رقبہ کو آبپاشی کے قابل بنایا جائے گا۔

☆☆☆☆